دارالعلوم کے شب و روز

شفیق فاروقی

شیخ الحدیث مولانا زکریا کی تعزیت اور ختم بخاری شریف

۲۴ر شعبان ۱۴۰۲ھ کو بعد از نماز عصر جامع مسجد دارالعلوم میں حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نے ختم بخاری شریف کی تقریب میں فارغ التحصیل طلبہ کو قیمتی نصائح سے نوازا۔ اور نہایت اہم ہدایات اور مشوروں سے نوازا۔ تقریر کے آغاز میں حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ العزیز کے سانحہ ارتحال پر تعزیتی خطاب فرمایا اور مرحوم کے رفع درجات کی دعائیں کی گئیں۔ نماز عصر سے قبل تمام طلبہ نے قرآن مجید ختم کر کے حضرت مرحوم کو ایصال ثواب کیا۔ ختم بخاری شریف کا بھی حضرت قدس سرہ اور دیگر مشائخ کے لئے ایصال ثواب کیا گیا۔ دارالعلوم میں حضرت شیخ الحدیث مہاجر مدنی کی وفات کی اطلاع شدید رنج و غم سے سنی گئی۔ بقیۃ السلف اور خادم حدیث نبوی کی جدائی سے ہر طرف سناٹا چھا گیا۔ حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ اور جناب مدیر الحق کی طرف سے پاک و ہند میں حضرت قدس سرہ کے قریبی حضرات علم و فضل کو تعزیتی خطوط بھیجے گئے۔

امتحانات سالانہ دارالعلوم کے سالانہ امتحانات ۱۲ شعبان کو بخیر و خوبی انجام پذیر ہوئے۔ امتحانات تقریباً دو ہفتے جاری رہے۔ دورۂ حدیث اور شعبہ حفظ و تجوید کے امتحانات وفاق المدارس نے لئے۔ جن کی طرف سے مولانا مجاہد خان الحسینی فاضل دیوبند معہ رفقاء نگران تھے۔ دیگر کتابوں کے امتحان مدرسہ کے اساتذہ نے تقریری اور تحریری لیا۔ اب دارالعلوم میں رمضان کی تعطیل ہیں۔ مگر کتب خانہ، الحق، دارالافتاء وغیرہ شعبے بدستور مصروف عمل ہیں۔

وفیات ۱۲ر مئی بروز بدھ سرحد کے ایک ممتاز مخلص بزرگ مولانا میاں محمد جان صاحب مرحوم بانی مدرسہ حمایت الاسلام خلجی کنڈر خیل پشاور کا وصال ہوا۔ جو ایک مثالی صاحب زہد و تقویٰ نمونۂ سلف بزرگ تھے۔ نماز جنازہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے پڑھایا۔ اس موقعہ پر تعزیتی خطاب بھی فرمایا۔ دارالعلوم کے بہت سے اساتذہ و طلبہ نے بھی شرکت کی۔

حضرت شیخ الحدیث کو صدمہ ۱ر جون کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے سگے ماموں جناب مولانا امیر اللہ خان صاحب